غالب اکیڈمی میں شام غزل کا انعقاد

غالب اکیڈمی، نئی دہلی میں وزارت ثقافت حکومت ہند کے تعاون سے امرت مہوتسو 2024 کے تحت مرزا غالب کے 155 ویں یوم وفات اور غالب اکیڈمی کے 55 ویں یوم تاسیس کی مناسبت سے شام غزل کا انعقاد کیا گیا جس میں انو پما سری واستو نے غالب کی غزلیں اور پچہتر سال کے کچھ شعرا کی غزلیں موسیقی کے ساتھ پیش کیں۔ جسے سامعین نے بے حد پسند کیا۔ کشفی شمائل نے شام غزل کی نظامت کی۔ آخری میں ڈاکٹر عقیل احمد نے شکریہ ادا کرتے ہوئے اعلان کیا کہ 25/فروری 2024 کو اردو ادب کے پچہتر سال کے عنوان سے کل ہند سیمینار منعقد ہوگا۔